N5 National Qualifications 2021 ASSESSMENT RESOURCE

X870/75/13

Urdu
Listening Transcript

Duration — 30 minutes (approx)

This paper must not be seen by any candidate.

The material overleaf is provided for use in an emergency only (for example, the recording or equipment proving faulty) or where permission has been given in advance by SQA for the material to be read to candidates with additional support needs. The material must be read exactly as printed.

SQA ©

X87075l3

Instructions to reader(s):

For each item, read the English **once**, then read the Urdu **three times**, with an interval of 1 minute between the three readings. On completion of the third reading, pause for the length of time indicated in brackets after the item, to allow the candidates to write their answers.

Where special arrangements have been agreed in advance to allow the reading of the material, those sections marked **(f)** should be read by a female speaker and those marked **(m)** by a male; those sections marked **(t)** should be read by the teacher.

(t) Item number one

You listen to a radio programme for young people.

Shafiq talks about how he earns money.

You now have one minute to study the questions for item number one.

(m) مجھے ہفتے میں صرف دس پونڈ جیب خرچ ملتا ہے جو کہ میرے اخراجات کے لئے کم ہے۔ اِس رقم سے میں کھیلوں اور ورزش کے کلب کی فیس دیتا ہوں اور کبھی دوستوں کی سالگرہ پر تحفہ بھی دینا ہوتا ہے۔

میرے والدین مجھے اور رقم نہیں دے سکتے کیونکہ میرا خاندان کافی بڑا ہے۔ گھر کا خرچ بھی زیادہ ہے۔ اس کے علاوہ میرے ابّو جان اکیلے ہی کمانے والے ہیں۔ میری امّی کوئی ملازمت نہیں کرتیں وہ گھر کے کام اور ہماری دیکھ بھال کرتی ہیں۔

میں والدیں کو تنگ کرنے کے بجائے مزید رقم کمانے کے لئے کام کر لیتا ہوں۔ ہفتہ اتوار کو پڑوسیوں کی کاریں دھو کر کچھ پونڈ کما لیتا ہوں۔ اس کے علاوہ ہمارے گھر کے نزدیک بوڑھے لوگوں کی دیکھ بھال کا ایک ادارہ ہے، وہاں میں جمعہ کے دن پانچ گھنٹے کام کرتا ہوں۔ کام بھی کوئی مشکل نہیں! بزرگوں کا دل بہلانے کے لئے اُن سے باتیں کرنا، مزے مزے کے لطیفے سُنانا، اخبار اور رسالے دکان سے خرید کر

لانا۔ بس یہی کام ہیں۔ اس سے نہ صرف رقم ملتی ہے بلکہ خدمت کر کے خوشی حاصل ہوتی ہے اور اپنی کمائی ہوئی رقم کو عقلمندی سے خرچ کرنے کا سلیقہ بھی آتا ہے۔

(*2 minutes*)

[Turn over

(t) **Item number two.**

Nasreen works from home. She talks to her cousin, Hammad, about the benefits of working this way.

You now have one minute to study the questions for item number two.

(m) حماد- نسرین میں نے سنا ہے کہ آپ کو گھر پر رہ کر دفتر کا کام کرنے کی ملازمت مل گئی ہے۔ آپ نے ایسا فیصلہ کیسے کر لیا؟ کام کرنے کے لئے ایک ماحول ضروری ہے۔ گھر میں رہ کر کام کرنے سے کیا آپ کو اُکتاہٹ محسوس نہیں ہو گی؟

(f) نسرین- حماد میں نے بہت سوچ سمجھ کر یہ فیصلہ کیا ہے۔ آپ کو تو معلوم ہے کہ میں نے کئی سال دفتر جا کر ہی ملازمت کی ہے اُس وقت مجھے گھر اور بچّوں کی کوئی فکر نہیں تھی کیونکہ میرے والدین ہمارے ساتھ رہتے تھے۔ میری والدہ گھر میں بچّوں کی دیکھ بھال کر لیا کرتی تھیں اور میرے والد اُنہیں اسکول چھوڑ دیتے اور چھٹی کے وقت واپس گھر لے آتے مجھے بہت آرام تھا۔

(m) حماد۔ اَب آپ نے گھر سے کام کرنے کا فیصلہ کیوں کیا؟

(f) اب میرے والدین نے اپنا گھر لے لیا ہے اور آپ کو تو معلوم ہی ہے کہ میرے شوہر لندن میں کام کرتے ہیں۔ بس اسی لئے مجھے ایسا کرنا پڑا۔

(m) حماد- آپ کی بات ٹھیک ہے کہ گھر میں کوئی بڑا ہو تو بچّوں کی فکر نہیں ہوتی لیکن گھر پر رہ کر آپ کام پر کس طرح توجّہ دیتی ہیں؟ کام کو پوری ذمہ داری سے اور وقت پر کرنے کے لئے کیا منصوبہ بنایا ہوا ہے؟

(f) نسرین- حماد بھائی میں نے کام کرنے کے لئے گھر میں ایک چھوٹا سا دفتر بنایا ہوا ہے۔ میں صبح سویرے اُٹھتی ہوں۔ آٹھ بجے بچّوں کو تیّار کر کے اسکول چھوڑتی ہوں واپس آ کر پانچ گھنٹے کام

کرتی ہوں اور اسی طرح رات کو بچّوں کو سُلا کر بھی کچھ گھنٹے کام کرتی ہوں۔

(m) اگر کام کے کرنے یا سمجھنے میں مشکل پیش آجائے تو کس سے مشورہ کرتی ہیں؟

(f) میں مہینے میں ایک بار دفتر جاتی ہوں اگر کام میں کوئی مشکل پیش آجائے تو ای میل بھی کرلیتی ہوں۔ میں اپنے کام سے بہت خوش اور مطمئن ہوں۔ مجھے کسی کے ماتحت کام نہیں کرنا پڑتا۔

(*2 minutes*)

(t) You now have five minutes to look over your answers.

(*5 minutes*)

(t) End of test.

[END OF TRANSCRIPT]

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE

[BLANK PAGE]

DO NOT WRITE ON THIS PAGE